21-02-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ برازیل کے صدر لولا ڈی سلوا نے وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات کی۔ ہندوستان میں آئندہ پانچ برسوں کے دوران دوطرفہ تجارت کو 20 ارب ڈالر تک پہنچانے کا عزم ظاہر کیا۔

۲۔ مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے حیدر آباد میں سی مارٹس کا افتتاح کیا اور بینک سکھیوں کو بینکوں اور دیہی خواتین کے درمیان اہم پل سے تعبیر کیا۔

۳۔ بی جے پی کے ریاستی صدر نے کاماریڈی میں پولیس کارروائی کی مذمت کی اور حراست میں لئے گئے تمام کارکنوں کو بلاشرط اور فوری رہا کرنے کا مطالبہ کیا۔

۴۔ ریاستی وزیر تملا ناگیشور راؤ نے کہا کہ تلنگانہ میں کپاس کی خریداری اب اس ماہ کے اختتام تک جاری رہے گی۔

اور

۵۔ مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے اعلان کیا کہ پی ایم آوازس یوجنا کے تحت تلنگانہ کو گیارہ لاکھ سے زیادہ مکانات فراہم کئے جائیں گے۔

EVE PM-BRAZIL PREZ :

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج حیدر آباد ہاؤس نئی دہلی میں برازیل کے صدر لولا ڈی سلوا کے ساتھ جامع مذاکرات کئے۔ وزارت خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے ہندوستان۔ برازیل اسٹریٹیجک شراکت داری سمیت تجارت، توانائی، دفاع، زراعت، آب وہوا کی تبدیلی، ٹکنالوجی، اے آئی، سیمی کنڈکٹرس، اہم معدنیات اور گلوبل ساؤتھ اشتراک کے موضوع پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے سب کی شراکت اور ہمہ قطبی عالمی نظام کے اپنے نصب العین کا اعادہ کیا۔ انہوں نے اقوام متحدہ خاص کر سلامتی کونسل میں اصلاحات پر زور دیا۔ دونوں رہنماؤں نے دہشت گردی کے خلاف عالمی لڑائی میں اپنے عہد کو مزید مضبوط کیا۔ اس دوران مختلف شعبوں اہم معدنیات، ڈیجیٹل کوآپریشن، روایتی تعلیم کا اشتراک، صحت، ایم ایس ایم ای، انٹرپریزشپ، ماس کمیونکیشن اور دیگر شعبوں میں تعاون سے اتفاق کیا۔ دونوں ممالک کے رہنماؤں نے آئندہ پانچ برسوں کے دوران دوطرفہ تجارت کو بیس ارب ڈالر تک پہنچانے کا عزم کیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا برازیل کے صدر لولا ڈی سلوا کی

قیادت میں ہندوستان اور برازیل کے تعلقات مضبوط ہوئے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ لیٹن امریکہ میں برازیل ہندوستان کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار ہے۔ اس موقع پر وزیراعظم نے آئندہ پانچ برسوں کے دوران دو طرفہ تجارت کو بیس ارب ڈالر تک پہنچانے کا عہد کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان اور برازیل کے بیچ تجارت صرف اعداد و شمار ہی نہیں ہے بلکہ اعتماد کا مظہر بھی ہے۔

SHG:

مرکزی وزیر برائے دیہی ترقی شیوراج سنگھ چوہان نے خواتین کے سیلف ہیلپ گروپس کی مصنوعات کو کثیرالقومی معیار تک پہنچانے کے لیے ایک بڑے اقدام کا اعلان کیا ہے۔ حیدرآباد میں منعقدہ ایک رابطہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ہر ضلع میں 'سی۔ مارٹس' کے قیام کا اعلان کیا، جہاں جدید طرز کی ریٹیل سہولیات فراہم کی جائیں گی تاکہ مارکیٹنگ کی رکاوٹوں کو دور کیا جاسکے۔ وزیر نے کہا کہ عالمی مسابقت کو یقینی بنانے کے لیے ماہرین کی جانب سے معیار میں بہتری کی تربیت دی جائے گی جبکہ سوشل میڈیا کے ذریعہ بھرپور تشہیر کی جائے گی۔ انہوں نے دیہی خواتین کی مالی دیانتداری کی تعریف کرتے ہوئے بتایا کہ ان کے غیر فعال اثاثہ کی شرح محض 1.76 فیصد ہے اور اسے اگلے سال ایک فیصد سے کم کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ انہوں نے 'بینک سکھیاں' کو دیہی ترقی کا اہم ذریعہ قرار دیتے ہوئے بینکوں پر زور دیا کہ وہ اہل خواتین کو انفرادی قرضے فراہم کریں۔ وزیر نے کہا کہ اختیار کے بجائے خدمت کے جذبے کے ساتھ کام کرنا چاہیے اور مرکز و ریاستی حکومتوں کے درمیان ہم آہنگی خواتین کو بااختیار بنانے کے عزم کی عکاس ہے۔

AMIT SHAH

مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے آج کہا ہے کہ ملک نے آئندہ ماہ کی 31 تاریخ تک نکسل ازم کے مکمل خاتمہ کا عہد کیا ہے۔ گوہاٹی میں سی آر پی ایف کے 87 ویں یومِ تاسیس پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سی آر پی ایف نے ملک کی بے مثال خدمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سی آر پی ایف کے جوان اور کوبرا بٹالین ملک کو نکسل ازم سے پاک بنانے کے لیے غیر معمولی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ سی آر پی ایف نے شمال مشرقی خطے، جموں و کشمیر اور ماؤنواز متاثرہ علاقوں میں امن کی بحالی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سی آر پی ایف کے بغیر ملک کی اندرونی سلامتی کا تصور ممکن نہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اس فورس کے کئی دستے

تشدد سے متاثرہ منی پور میں امن کی بحالی کے لیے تعینات ہیں۔ امیت شاہ نے ان 2,270 اہلکاروں کو خراجِ عقیدت پیش کیا جنہوں نے وطن کی حفاظت کرتے ہوئے جانوں کا نذرانہ پیش کیا، جن میں سے 700 اہلکار صرف شمال مشرقی خطہ میں شہید ہوئے۔

DAMODARA RAJA NARASIMHA:

ریاستی وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے حال ہی میں سنگاریڈی ضلع کے پوسانی پیٹ میں آر آر ڈی ڈسٹلری کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے اندول۔ جوگی پیٹ خطے کو تعلیم اور صحت کے شعبوں کا نمایاں مرکز بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ریاستی وزیر نے زرعی ترقی کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ سنگور پروجیکٹ اس وقت 40 ہزار ایکڑ اراضی کو سیراب کر رہا ہے اور مزید ایک لاکھ ایکڑ تک پانی پہنچانے کے منصوبے زیر غور ہیں۔ انہوں نے صنعتی ترقی پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ڈسٹلری انتظامیہ نے مقامی سطح پر روزگار کے مواقع فراہم کیے ہیں اور مستقبل میں مزید 500 افراد کو ملازمتیں دینے کی امید ظاہر کی۔ تقریب میں متعدد سرکردہ رہنما بھی شریک ہوئے جنہوں نے دیہی علاقوں میں صنعتی اور تعلیمی ترقی کے مربوط وژن کی حمایت کی۔

YOUTH CONGRESS:

انڈین یوتھ کانگریس کی جانب سے انڈیا اے آئی امپیکٹ سمٹ میں متنازع احتجاج کے ایک روز بعد بی جے پی اور اس کی ذیلی تنظیموں نے مختلف شہروں میں احتجاجی مظاہرے کیے۔ پارٹی رہنماؤں اور کارکنوں نے اس اقدام کی مذمت کرتے ہوئے کانگریس قائد راہول گاندھی اور پارٹی قیادت سے معافی کا مطالبہ کیا۔ جموں میں بی جے پی یوا مورچہ کے کارکنان کچی چھاؤنی چوک پر جمع ہوئے اور راہول گاندھی سے معافی کا مطالبہ کیا۔ اسی طرح سورت اور ممبئی میں بھی مظاہرے کیے گئے۔ ممبئی میں بی جے پی کارکنوں نے راہل گاندھی کو سیاہ جھنڈے دکھائے اور ان پر وزیر اعظم نریندر مودی کے اقدامات کی مخالفت اور ملک کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کا الزام عائد کیا۔ مظاہرین نے کہا کہ ایسے اقدامات ملک کی عزت و وقار کے خلاف ہیں اور اس کی سخت الفاظ میں مذمت کی جانی چاہیے۔

TUMMALA NAGESWARA RAO

تلنگانہ میں کپاس کی خریداری اب اس ماہ کے اختتام تک جاری رہے گی۔ یہ فیصلہ کاٹن کارپوریشن آف انڈیا کی جانب سے کیا گیا ہے۔ یہ پیش رفت ریاستی وزیر زراعت ٹی ناگیشور راؤ کی درخواست کے بعد سامنے آئی، جنہوں

نے قبل ازیں مرکزی وزیر جی کشن ریڈی سے مقامی کسانوں کی سہولت کے لیے آخری تاریخ میں توسیع کی اپیل کی تھی۔ اسی سلسلے میں ریاستی محکمہ زراعت کے سیکریٹری نے حال ہی میں مرکزی وزارتِ ٹیکسٹائل کے جوائنٹ سیکریٹری کو باضابطہ خط بھی ارسال کیا تھا۔ وزیر تملا ناگیشور اراؤ نے مرکزی حکومت اور سی سی آئی کی فوری کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس توسیع سے ریاست بھر کے کسانوں کو بڑی راحت ملے گی۔ اس فیصلہ سے کسانوں کو سیزن کے اختتام سے قبل نامزد مراکز پر اپنی پیداوار فروخت کرنے کے لئے مناسب وقت میسر آئیگا۔

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی آر نے سوشل میڈیا پوسٹ میں اے آئی امپیکٹ سمٹ 2026 کے دوران یوتھ کانگریس کے احتجاج کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایک بین الاقوامی پلیٹ فارم کو معمولی سیاسی مظاہرے کے لئے استعمال کرنا بھارت کی عالمی ساکھ کو متاثر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریت میں اختلافِ رائے فطری امر ہے، لیکن سیاسی اظہار کے لئے مناسب وقت اور مقام کا انتخاب ضروری ہے۔ کے ٹی آر نے اس بات کی نشاندہی کی کہ یوتھ کانگریس کے ارکان اس وقت احتجاج کررہے تھے جب انہی کی جماعت کے رہنما اور وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی اسی سمٹ سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے زور دیا کہ ٹیکنالوجی اور ترقی سے متعلق اعلیٰ سطحی عالمی اجلاسوں کو جماعتی تنازعات سے پاک رکھا جانا چاہیے تاکہ عالمی سطح پر قومی وقار برقرار رہے۔

BRAHMOTSAVAMS

ریاستی وزیر بہبود اڈلوری لکشمن کمار نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ دھرم پوری میں واقع سری لکشمی نرسمہا سوامی مندر کے برہموتسوم کے کامیاب انعقاد کے لیے مکمل ہم آہنگی کے ساتھ کام کیا جائے۔ ہفتہ کے روز منعقدہ ایک اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس میں، جس میں ضلع کلکٹر ستیہ پرساد اور ایس پی اشوک بھی شریک تھے، وزیر نے زور دیا کہ میلے کے دوران شردھالوؤں کی حفاظت اور سلامتی کو اولین ترجیح دی جائے۔ وزیر لکشمن کمار نے مختلف محکموں کو ٹریفک کنٹرول، صفائی ستھرائی، طبی سہولیات اور پینے کے پانی کی مسلسل فراہمی کے لیے خصوصی اقدامات کرنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ دور دراز علاقوں سے آنے والے ہزاروں عقیدت مندوں کو بلا رکاوٹ درشن کی سہولت فراہم کی جائے۔ اجلاس کے اختتام پر تاریخی دھرم پوری جاترا کے تقدس اور وقار کو برقرار رکھنے کے لئے تمام انتظامی شعبوں کے مابین متحدہ کوششوں پر زور دیا گیا۔

RAMCHANDER RAO:

کاماریڈی ضلع کے بانسواڑہ قصبے میں جمعہ کی رات بی جے پی رہنماؤں اور ایک طبقہ کے گروپ کی جانب سے احتجاج کے بعد صورتحال کشیدہ ہوگئی۔ مظاہرہ مبینہ طور پر ایک مقامی ریلائنس مارٹ میں خاتون ملازمہ کے ساتھ ایک شخص کی نامناسب حرکت کے الزام پر کیا گیا تھا۔ اطلاعات کے مطابق ایک مخالف گروپ کی جانب سے پتھراؤ کئے جانے کے بعد حالات بگڑ گئے اور دونوں فریقین کے درمیان جھڑپیں شروع ہوگئیں۔ پولیس کی مداخلت کے بعد کشیدگی میں مزید اضافہ ہوا اور مظاہرین کے منتشر نہ ہونے پر لاٹھی چارج کیا گیا۔ ریاستی بی جے پی صدر رام چندر راؤ نے سوشل میڈیا پر جاری ویڈیو پیغام میں پولیس کارروائی کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پارٹی کارکنوں کے ساتھ کیا گیا سلوک تشویشناک اور غیر جمہوری ہے۔ انہوں نے موقف اختیار کیا کہ پرامن احتجاج ہر شہری کا بنیادی حق ہے اور طاقت کے استعمال پر سخت تنقید کی۔ بی جے پی قیادت نے واقعہ کے دوران اختیار کیے گئے سخت اقدامات پر جوابدہی کا مطالبہ کرتے ہوئے تمام گرفتار کارکنوں کی فوری اور غیر مشروط رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔

FOOTWEAR DESIGN :

فٹ ویر ڈیزائن اینڈ ڈیولپمنٹ انسٹیٹیوٹ نے حیدرآباد میں اپنی پانچویں کنوکیشن تقریب منعقد کی۔ مرکزی وزیر کوئلہ جی کشن ریڈی نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے اِس تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر کشن ریڈی نے اختراع اور مینوفیکچرنگ شعبہ میں ہندوستان کے بڑھتے اثر ورسوخ کو اجاگر کیا۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ فٹ ویر اور لیدر شعبے معیشت کیلئے اہم ہیں اور برآمدات اور روزگار میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ ایف ڈی ڈی آئی کے منیجنگ ڈائرکٹر وویک شرما نے اس تقریب کی صدارت کی۔ انہوں نے طلبہ کو اخلاقیات کا درس دیا اور سماج میں بہتر شہری بننے کا مشورہ دیا۔ ایگزیکٹیو ڈائرکٹر ڈاکٹر تیج لوہیت ریڈی نے ادارہ کی تفصیلات سے واقف کروایا۔

FESIMATE:

کپاس کے موجودہ تخمینوں کے مطابق رواں سال 45.32 لاکھ ایکر تک کپاس کی کاشت کی گئی جن میں سے تقریباً 9.99 لاکھ میٹرک ٹن کپاس کسانوں کے پاس ہی ہے۔ کاٹن کارپوریشن آف انڈیا نے 8.8 لاکھ کسانوں سے 12823 کروڑ روپیوں کی لاگت کی 16.15 لاکھ میٹرک ٹن کپاس خریدی ہے۔

PM AWAS YOJANA:

مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے پی ایم آواس یوجنا کے تحت تلنگانہ کیلئے 11 لاکھ مکانات کی تعمیر کو منظوری دی۔ ریاستی وزیر امکنہ پی سرینواس ریڈی کی جانب سے حیدرآباد میں منعقدہ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کے دوران نمائندگی پر مرکزی حکومت کی جانب سے یہ مثبت ردِعمل سامنے آیا ہے۔ پی سرینواس ریڈی نے بتایا تھا کہ گزشتہ انتظامیہ نے ہاؤزنگ شعبہ کو نظرانداز کیا تھا اور مرکزی اسکیموں سے بھی استفادہ نہیں کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے جامع موبائل سروے کے ذریعہ 11.57 لاکھ اہل دیہی خاندانوں کی نشاندہی کی ہے۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ ریاستی حکومت نے پہلے ہی چار لاکھ اندراماں مکانات منظور کئے ہیں اور مرکزی حکومت کے تعاون سے اس شعبہ میں مزید مدد ملے گی۔

HARISH RAO

سابق وزیر ہریش راؤ نے حیدرآباد کے این ٹی آر اسٹیڈیم میں منعقدہ رعیّتو بڈی اگری شو میں بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس دوران ہریش راؤ نے ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے ذریعہ کسانوں کو تعلیم دینے پر راجندر ریڈی کی ستائش کی۔ اس موقع پر ہریش راؤ نے تلنگانہ میں زرعی شعبہ میں آئی نمایاں تبدیلیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ سیری کلچر میں اب سدی پیٹ سرفہرست ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابق بی آر ایس حکومت میں پام آئیل کی کاشت کو فروغ دیا تھا اور اب سدی پیٹ میں ہی بارہ ہزار ایکر پر اس کی کاشت ہو رہی ہے اور کسانوں کی آمدنی میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔

JUPALLY:

ریاستی وزیر سیاحت جوپلی کرشنا راؤ نے عہدیداروں پر زور دیا کہ وہ ترقیاتی پروجکٹوں میں تیزی لائیں اور مقامی مسائل کو فوری حل کریں۔ ناگر کرنول ضلع کے اَنکی راؤ پلی کے دورہ کے موقع پر ریاستی وزیر نے مختلف وارڈس کا جائزہ لیا اور مقامی افراد سے انہیں فراہم کی جارہی سہولیات کے بارے میں پوچھا۔ انہوں نے اندراماں ہاؤزنگ میں ہو رہی ہے پیشرفت کا بھی جائزہ لیا اور کہا کہ بغیر کسی تاخیر کے تمام اہل استفادہ کنندگان کو مکانات ملیں گے۔ اِس موقع پر جوپلی کرشنا راؤ نے مقامی خواتین میں اندراماں ساڑیوں کی تقسیم کی۔

○○